سوال نمبر: 15617

منجانب: سردار اورنگزیب، رکن صوبائی اسمبلی۔

کیا وزیر مواصلات وتعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ۔

سریل نمبر	سوال	جواب
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ گلشن رحمان کالونی کوہاٹ روڈ پر کالونی میں چوریاں اور ڈکیتیاں آئے روز کا معمول بن گئی ہیں؟	دفتر ھذا میں گلشن رحمان کالونی سے متعلق محکمہ کے عملہ یا کالونی کی رہائشیوں ایسی کوئی شکایت درج نہیں کی گئی ہے۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ 300 / 400 گھروں پر مشتمل کالونی میں گیٹ پر کوئی چوکیدار موجود نہیں ہے	مینٹیننس ڈویژن مختلف سرکاری کالونیوں اور بنگلوں میں مرمت و بحالی کا کام کرتی ہے، جبکہ مذکورہ کالونیوں کی چوکیداری اور امن آمہ کی زمہ داری مینٹیننس کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا۔ لہذا یہ کہ مندرجہ بالا مسائل کے حل کے لئے متعلقہ اداروں سے رابطہ کیا جائے۔
(ج)	اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت گلشن رحمان کالونی میں چوکیدار تعینات کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں اور کب تک؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔	چونکہ دفتر ھذا کو حال ہی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کی تنظیم نو کے تحت تخلیق کیا گیا ہے اور عملہ کی کمی کے مسائل ابھی درپیش ہے۔ یہاں پر یہ بھی واضح کرنا ضروری ہے کہ دفتر ھذا گلشن رحمان کالونی کی بحالی و مرمت کا کام کرتی ہے اور کالونی کے امن عامہ دفتر ھذا کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا، اور یہ کہ جو چوکیدار تعینات کرتے ہے۔ وہ صرف کمپلینٹ آفس کیلئے تعینات کیا کرتے ہیں۔

Scanned with CamScanner